45908 ـ كفارہ كے روزوں ميں حيض آنے سے تسلسل ميں انقطاع پيدانہيں ہوتا

سوال

ايک عورت اپنے گناہ كے كفارہ ميں دوماہ كے مسلسل روزے ركھ رہى ہے اورماہوارى كى بنا پرروزے ترک بھى كرے گا توكيا دوماہ كے بعداس پران روزوں كى قضاء واجب ہوگى يا كچھ اور ؟

پسنديدہ جواب

الحمد للہ.

جس پردوماہ كے مسلسل روزے ركھنے لازم ہوں اوراسے حيض آجائے توان ايام ميں وہ روزے نہيں ركھے گى بالاجماع پھرروزے مكمل كرنے كےبعد ماہوارى كے ايام ميں ترک كردہ روزوں كى قضاء ميں روزے ركھے گى ـ

ابن قدامہ رحمہ اللہ تعالى كہتے ہيں :

(اہل علم كا اجماع ہے كہ تسلسل سے روزے ركھنے والى عورت كواگرروزے مكمل كرنے سے قبل ہى ماہوارى آجائے تووہ پاک ہونے كے بعد ان كى قضاء كرے گى اوراسى پربنا بھى كرے گي كيونكہ دوماہ ميں حيض سے بچنا ممكن نہيں ، صرف ايک صورت ميں كہ اگر حيض آنا بند ہوجائے) ـانتھى ـ

ديكھيں : المغنى لابن قدامۃ (8 / 21) ـ

واللہ اعلم .